# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

## END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: URDU**

**GRADE-4**

**FINAL TERM**

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : b | Q. No.2 : c | Q. No.3 : c |
| Q. No.4 : d | Q. No.5 : c | Q. No.6 : d |
| Q. No.7 : c | Q. No.8 : c | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : a | Q. No.11 : b | Q. No.12 : b |
| Q. No.13 : b | Q. No.14 : d | Q. No.15 : c |
| Q. No.16 : d | Q. No.17 : b | Q. No.18 : d |
| Q. No.19 : b | Q. No.20 : c | Q. No.21 : a |
| Q. No.22 : a | Q. No.23 : a | Q. No.24 : d |
| Q. No.25 : c | | |

## ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر26:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

شاعر ان اشعار میں اللہ تعالیٰ کی کبریائی اور بڑائی بیان کرتا ہے

شاعر کہتا ہے اللہ تعالیٰ نے جو چیز بھی پیدا کی ہے، اس میں اس کی خوبصورتی نظر آتی ہے۔

ہر چیز کی تخلیق میں اللہ کی حکمت پوشیدہ ہے، کوئی بھی چیز حکمت سے خالی نہیں ہے۔

رات کو تاروں سے بھرپور اور خوبصورت بنایا ہے اور دن کو بھی تازگی اور شگفتگی بخشی ہے

ہر موسم چاہے گرمی ہو، سردی ہو، بہار ہو یا برسات ہو اپنی اپنی اہمیت رکھتا ہے۔

| مارکنگ سکیم: اشعار کی نثر کل نمبر10 | | | |
|---|---|---|---|
| کل اشعار4 | ہر شعر کی نثر واضح کرنے پر: 2.5 نمبر | ہر شعر کی نثر ادھوری ہو تو: 1 تا 2 نمبر | ہر شعر کی نثر بالکل غلط ہو تو: 0 نمبر |

سوال نمبر27:

آئیٹم روبرک(اردو):

:نمونے کا جواب

کمپیوٹر ایک الیکٹرانک ڈیوائس ہے جو ڈیٹا کو پراسیس کرنے، ذخیرہ کرنے اور اس کا تجزیہ کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ یہ مختلف پروگرامز اور ہدایات پر مبنی کام کرتا ہے، جنہیں سافٹ ویئر کہا جاتا ہے، جبکہ کمپیوٹر کے وہ حصے جنہیں ہم چھو سکتے ہیں، ہارڈ ویئر کہلاتے ہیں۔ کمپیوٹر دفتروں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ کمپیوٹر سکولوں اور کالجوں میں پڑھائی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ حساب کتاب کے لئے کمپیوٹر استعمال کیا جاتا ہے۔ کمپیوٹر سے تصویریں بنائی جاتی ہیں۔ کمپیوٹر سے انٹرنیٹ کے ذریعے مختلف موضوع پر ویڈیوز دیکھی اور ڈاؤنلوڈ کی جاتی ہیں۔ کتابیں پڑھنے کے لئے کمپیوٹر استعمال ہوتا ہے۔ گیمز اور کارٹون دیکھے جاسکتے ہیں۔ طالب علموں کو پڑھائی میں مدد دیتا ہے۔ کمپیوٹر پیغام رسانی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ کمپیوٹر سے مختلف دستاویزات تیار کی جاتی ہیں۔

:روبرک

| مارکنگ سکیم: پیراگراف | (کل نمبر10) | | |
|---|---|---|---|
| پیراگراف 01 نمبر | پیراگراف کی صورت میں ہو:01 نمبر | حروف ابجد / 3،2،1 وغیرہ کی صورت میں ہو: ½ نمبر | جملے پیراگراف اور حروف ابجد میں نہ ہوں تو:0 نمبر |
| پلاٹ 06 نمبر | 80 سے 100 الفاظ پر مبنی، 10 جملوں پر مشتمل ہو جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو: :06 نمبر | ستر الفاظ پر مبنی یا آٹھ جملوں تک جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہو تو:05 نمبر<br>پچاس الفاظ پر مبنی یا سات جملوں تک جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہو تو:04 نمبر<br>چالیس الفاظ پر مبنی یا پانچ جملوں پر مشتمل جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہو تو:03 نمبر<br>دو سے تین جملوں پر مشتمل ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں تو:2 نمبر<br>ایک یا دو جملے ساخت اور ترتیب اور ساخت کے لحاظ سے درست ہو تو:01 نمبر | ساخت ترتیب کے لحاظ سے کوئی جملہ درست نہ ہو تو:0 نمبر |
| تخیل نمبر | موضوع کے مطابق خیالات کا انتخاب 01 نمبر | موضوع کے مطابق ادھورے خیالات: ½ نمبر | غیر موزوں خیالات:0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف:02 نمبر | افعال اور علامات کے درست ہونے پر 02 نمبر | افعال اور علامات جزوی طور پر ٹھیک ہوں تو 1 نمبر | افعال اور علامات کے درست نہ ہونے پر 0 نمبر |
| | | | |

سوال نمبر28:

آئیٹم روبرک(اردو):

:نمونہ جواب

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کولیاں شاہ حسین

!جناب عالی

مودبانہ گزارش ہے کہ فدوی جماعت چہارم کا طالب علم ہے۔ ہماری جماعت میں روشنی کا مناسب انتظام نہیں ہے۔ کمرہ جماعت میں صرف ایک کھڑکی اور ایک بلب ہے۔ روشنی کا مناسب انتظام نا ہونے کی وجہ سے لکھنے اور پڑھنے میں دشواری کا سامنا ہوتا ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ ہماری جماعت میں روشنی کا مناسب بندوبست کریں تا کہ ہمیں پڑھنے اور لکھنے میں مسئلہ پیش نہ ہو۔

عین نوازش ہو گی۔

العارض

علی مرتضی

جماعت چہارم

سکول شکر گڑھ

تاریخ 6نومبر 2024ء

| نمبر شمار | ابتدائیہ:02 نمبر | درخواست لکھنا: مارکنگ سکیم (کل نمبر 10)، درست ترتیب دینے کے ترتیب وار نمبروں کی تفصیل۔ | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | (الف) سرنامہ:01 نمبر | اگر بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل اور سکول کا نام دونوں لکھے:01 نمبر | اگر بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل یا سکول کا نام دونوں میں سے ایک لکھے: ½ نمبر | دونوں میں سے کچھ نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے:0 نمبر |
| | (ب) القاب:01 نمبر | علامتِ ندائیہ کے ساتھ لکھے گئے ہوں مثلاً جناب عالی! / جناب عالیہ! / جناب والا! وغیرہ:01 نمبر | اگر القاب یا علامتِ ندائیہ دونوں میں سے ایک درست ہو:½ نمبر | دونوں بالکل غلط ہوں یا نہ لکھے ہوں:0 نمبر |
| 2 | نفسِ مضمون:06 نمبر | | | |
| | (الف) ربط مضمون:02 نمبر | جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو تو:02 نمبر | اگر جملوں کی ساخت یا ترتیب دونوں میں سے ایک درست ہو تو 0.5 تا 1.5 نمبر | جملوں کی ترتیب اور ساخت دونوں غلط ہوں:0 نمبر |
| | (ب) توجیہات:02 نمبر | توجیہات واضح ہوں:02 نمبر | اگر توجیہات غیر واضح ہوں:0.5 تا 1.5 نمبر | توجیہات پیش نہ کرے یا غلط ہوں:0 نمبر |
| | (ج) گرامر اور رموز او قاف:02 نمبر | اَفعال اور علامات دونوں کا استعمال درست ہو:02 نمبر | اگر اَفعال اور علامات جزوی درست ہوں یا اَفعال اور علامات میں سے ایک کا استعمال درست ہو تو 0.5 تا 1.5 نمبر | اگر اَفعال اور علامات دونوں غلط ہوں:0 نمبر |
| 3 | اختتامیہ:02 نمبر | | | |
| | تعارف درخواست دہندہ:01 نمبر | العارض / درخواست گزار / عرض گزار کے ساتھ / حروف ابجد / نام / رول نمبر / جماعت / سکول /:01 نمبر | صرف درخوست گزار / العارض / عرض گزار لکھے یا حروف ابجد / نام / رول نمبر / جماعت / سکول / گھر کا پتا / :½ نمبر | دونوں ہی نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے:0 نمبر |
| | (ب)<br>تاریخ:01 نمبر | تاریخ کو صحیح لکھنا۔ درخواست کے آخر میں لکھنا۔<br>۸ فروری ۲۰۲۲ء<br>۸ فروری ۲۰۲۲<br>۸- فروری ۲۰۲۲ء<br>فروری 82022<br>8- فروری 2022ء<br>مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے (01 نمبر) | تاریخ کو جزوی درست لکھنا: درخواست کے آخر میں لکھنا۔<br>8 فروری ۲۰۲۲ء<br>۸- فروری 2022ء<br>فروری ۲۰۲۲ء<br>۸ فروری<br>مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے 0.5 نمبر) | تاریخ کو بالکل غلط لکھنا:<br>08/02/2022<br>08/02/2022<br>۰۸/۰۲/۲۰۲۲<br>۰۸-۰۲-۲۰۲۲<br>۰۸_۰۲_۲۰۲۲ وغیرہ طریقہ سے لکھے تو صفر 0 نمبر |

سوال نمبر 29:

آیٹم روبرک (اردو):

مجوزہ نثر پارہ

بابا بُلھے شاہ پنجابی زبان کے نامور شاعر ہیں۔ بُلھے شاہ کا اصل نام سیّد محمد عبد اللہ شاہ تھا۔ ان کا تعلق بہاول پور کے گاؤں اُچ گیلانیاں سے تھا۔ بعد میں ان کا خاندان اپنے گاؤں سے ساہیوال میں آباد ہو گیا۔ یہاں سے کچھ عرصے بعد بابا بُلھے شاہ قصور آئے۔ ان کا تعلق مشہور بزرگ حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ کے خاندان سے تھا۔ بابا بُلھے شاہ نیک ،عبادت گزار اور پرہیز گار انسان تھے۔ وہ فارسی اور عربی زبان بھی جانتے تھے۔

سوال 1: بابا بُلھے شاہ کس زبان کے شاعر ہیں؟

سوال 2: بابا بُلھے شاہ کا اصل نام کیا تھا؟

سوال 3: بابا بُلھے شاہ کس گاؤں میں رہتے تھے؟

سوال 4: آپ کا تعلق کس بزرگ کے خاندان سے تھا؟

سوال 5: آپ کون کون سی زبانیں جانتے تھے؟

نمونہ جوابات:

جواب 1: بابا بُلھے شاہ پنجابی زبان کے شاعر ہیں۔

جواب 2:۔ بابا بُلھے شاہ کا اصل نام سیّد محمد عبد اللہ شاہ تھا۔

جواب 3: بابا بُلھے شاہ اُچ گیلانیاں نامی گاؤں میں رہتے تھے۔

جواب 4: آپ کا تعلق حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ کے خاندان سے تھا۔

جواب 5: آپ عربی اور فارسی زبانیں جانتے تھے۔

اساتذہ کے لیے عمومی ہدایات:

1. پنجاب بھر میں یکساں نمبروں کی تقسیم کے لیے پرچوں کی جانچ کے دوران روبرکس کا استعمال لازمی ہے۔
2. کسی بھی ابہام کی صورت میں، براہ کرم روبرکس مینوئل، روبرکس ویڈیو، یا اپنے ضلع کے PEC سے تربیت یافتہ LMT سے مشورہ کریں۔
3. اگر کوئی طالب علم کتاب یا روبرکس کے ماڈل جواب کے علاوہ کچھ اور لکھے اور وہ درست ہو تو اسے نمبر دیے جائیں۔
4. غیر متعلقہ جواب پر کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

ممتحن کے لیے خصوصی ہدایات:

1. ممتحن کمرے کو شور اور خلفشار سے پاک بنائے گا۔ ممتحن کی جانب سے طالب علم کو آگاہ کیا جائے گا کہ وہ ایک پیراگراف کو دو مرتبہ پڑھنے جا رہے ہیں۔ لہذا پیراگراف کو توجہ اور یکسوئی سے سنا جائے۔ ممتحن پیراگراف کے متن کو دو مرتبہ بلند آواز میں پڑھے گا۔
2. پیراگراف پڑھنے کے بعد ممتحن دیے گئے سوالات کو ایک ایک کے وقفہ سے طالب علم کے سامنے دہرائے گا۔
3. ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ طالب علم کی جانب سے ہر سوال کا جواب مقررہ وقت میں دینے کے بعد ہی اگلا سوال پوچھا جائے۔ ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام سوالات طالب علم کو بآسانی سمجھ آ گئے ہیں اور وہ جواب دینے کے قابل ہے۔
4. ہر طالب علم کو 5 سے 7 منٹ کا وقت مہیا کیا جائے گا کہ وہ تمام سوالات کے جوابات تسلی سے دے سکے

اسکورنگ روبرکس:

| سننا مہارت کے متعلقہ سوالات کی روبرکس: کل نمبر 10 | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$ 1 نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 2 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$ 1 نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 3 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$ 1 نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 4 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$ 1 نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |
| 5 | جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$ 1 نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر |

آوارڈ لسٹ

| پنجاب ایگزامینیشن کمیشن، لاہور | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آوارڈ لسٹ: سننا اور بولنا مہارت | | | | | | | | |
| جماعت | | | | مضمون | | | | |
| ضلع | | کلسٹر سنٹر | | | | | آئٹم کوڈ | |
| تحصیل | | امتحانی مرکز | | | | | تاریخ | |
| رول نمبر | نام طالب علم | Q 1 | Q 2 | Q 3 | Q 4 | Q 5 | حاصل کردہ نمبر | کل نمبر |
| 1 | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | |

سوال نمبر30:

..............................................................................................................................................................

آیٹم روبرک (اردو):

:مجوزہ عبارت

ریل گاڑی اسٹیشن پر رکی تو کتنے ہی مسافر ایک ساتھ اُترے۔ اُترنے والوں میں ایک بابا جی بھی تھے۔ اُن کے ساتھ ایک کم سن لڑکا تھا۔ بابا جی ضعیف تھے۔ شاید کچھ بیمار بھی تھے۔ انھوں نے ادھر اُدھر دیکھا لیکن نہ تو کہیں سایہ تھا اور نہ بیٹھنے کی جگہ۔ انھیں کوئی لینے بھی نہیں آیا تھا۔ اچانک ایک لڑکا بابا جی کے پاس پہنچا، کہنے لگا: بابا جی! آپ پریشان نظر آتے ہیں، کیا میں آپ کی کوئی مدد کر سکتا ہوں؟ بابا جی نے کہا: بیٹا! میں اس شہر میں پہلی بار آیا ہوں۔ مجھے اس پتے پر جانا ہے۔ بابا جی نے ایک کاغذ کا ٹکڑا اس لڑکے کی طرف بڑھایا۔ لڑکا ان کے ساتھ روانہ ہوا اور بابا جی کو منزل تک پہنچانے میں اُن کی مدد کی۔

:عبارت میں دیے گئے الفاظ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 10. ایک | 9. مسافر | 8. ہی | 7. کتنے | 6. تو | 5. رکی | 4. پر | 3. اسٹیشن | 2. گاڑی | 1. ریل |
| 20. تھے۔ | 19. بھی | 18. جی | 17. بابا | 16. ایک | 15. میں | 14. والوں | 13. اُترنے | 12. اُترے۔ | 11. ساتھ |
| 30. بابا | 29. ۔ | 28. تھا | 27. لڑکا | 26. سن | 25. کم | 24. ایک | 23. ساتھ | 22. کے | 21. اُن |
| 40. نے | 39. انھوں | 38. تھے۔ | 37. بھی | 36. بیمار | 35. کچھ | 34. شاید | 33. تھے۔ | 32. ضعیف | 31. جی |
| 50. اور | 49. تھا | 48. سایہ | 47. کہیں | 46. تو | 45. نہ | 44. لیکن | 43. دیکھا | 42. اُدھر | 41. ادھر |
| 60. نہیں | 59. بھی | 58. لینے | 57. کوئی | 56. انھیں | 55. ۔ | 54. جگہ | 53. کی | 52. بیٹھنے | 51. نہ |
| 70. پہنچا، | 69. پاس | 68. کے | 67. جی | 66. بابا | 65. لڑکا | 64. ایک | 63. اچانک | 62. تھا۔ | 61. آیا |
| 80. ہیں | 79. آتے | 78. نظر | 77. پریشان | 76. آپ | 75. ! | 74. جی | 73. بابا | 72. لگا: | 71. کہنے |
| 90. ہوں | 89. سکتا | 88. کر | 87. مدد | 86. کوئی | 85. کی | 84. آپ | 83. میں | 82. کیا | 81. ، |
| 100. پہلی | 99. میں | 98. شہر | 97. اس | 96. میں | 95. بیٹا! | 94. کہا: | 93. نے | 92. جی | 91. ؟بابا |
| 110. ہے۔ بابا | 109. جانا | 108. پر | 107. پتے | 106. اس | 105. مجھے | 104. ۔ | 103. ہوں | 102. آیا | 101. بار |
| 120. طرف | 119. کی | 118. لڑکے | 117. اس | 116. ٹکڑا | 115. کا | 114. کاغذ | 113. ایک | 112. نے | 111. جی |
| 130. جی | 129. بابا | 128. اور | 127. ہوا | 126. روانہ | 125. ساتھ | 124. کے | 123. ان | 122. لڑکا | 121. بڑھایا۔ |
| 140. | 139. کی۔ | 138. مدد | 137. کی | 136. اُن | 135. میں | 134. پہنچانے | 133. تک | 132. منزل | 131. کو |

اسکورنگ روبرکس:

روانی کے معیار کو درج ذیل مراحل کے ذریعے جانچا جائے گا:

مرحلہ 1: طالب علم کے پڑھے گئے الفاظ کی تعداد گنی جائے گی۔

مرحلہ 2: درست پڑھے گئے الفاظ کا حساب لگائیں:

پڑھے گئے الفاظ کی کل تعداد_____-غلطیاں_____=_______درست پڑھے گئے الفاظ۔

خط کشیدہ الفاظ کی صحیح تلفظ کو مارکس دینے کے لیے مد نظر رکھا جائے گا۔

مرحلہ 3: طلبہ کے اسکور کا موازنہ معیاری جدول سے کریں اور مارکس دیں۔

معیاری جدول: کلاس چہارم

| 0 | 2 | 4 | 7 | 10 | Marks |
|---|---|---|---|---|---|
| Below 10 | 10-35 | 35-70 | 71-105 | 105-140 | Range of score |

اساتذہ کے لیے ہدایات:

ٹیسٹ سے پہلے:

1۔ ٹیسٹ دینے سے پہلے ہدایات اور اسکورنگ کے اصولوں کو پڑھ لیں۔

2۔ مطالعے کی سرگرمی ایک پُرسکون اور خاموش ماحول میں کرائی جائے۔

3۔ استاد کو دوستانہ ماحول بنانا چاہیے تاکہ طالب علم خود کو آرام دہ محسوس کرے۔

4۔ طالب علموں کو سرگرمی کا مقصد اور وقت پر مبنی گریڈنگ کے طریقہ کار کے بارے میں بریفنگ دیں۔

5۔ طالب علموں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ درست طریقے سے پڑھنے پر توجہ دیں۔

ٹیسٹ کے دوران:

1۔ استاد کو اپنی شیٹ پر غلطیوں کو نوٹ کرنا چاہیے جبکہ وقت کی نگرانی کی جائے۔

2۔ جب طالب علم کوئی غلطی کرے تو اسے کوشش جاری رکھنے اور آگے بڑھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

3۔ غلطی صرف اس صورت میں شمار ہو گی جب خط کشیدہ الفاظ چھوڑ دیے جائیں، غلط تلفظ ہوں یا کسی دوسرے لفظ سے تبدیل کر دیے جائیں۔

نوٹ: دی گئی ایک ایوارڈ لسٹ تیار کریں اور نتائج کو اس شیٹ پر ریکارڈ کریں۔

ایوارڈ لسٹ:

<table>
<tr><td colspan="8">پنجاب ایگزامینیشن کمیشن، وحدت کالونی لاہور</td></tr>
<tr><td colspan="8">ایوارڈ لسٹ برائے مہارت "پڑھنا"</td></tr>
<tr><td>جماعت</td><td colspan="3"></td><td colspan="2">مضمون</td><td colspan="2"></td></tr>
<tr><td>ضلع</td><td></td><td colspan="2">کلسٹر سنٹر</td><td colspan="2"></td><td>آئٹم کوڈ</td><td></td></tr>
<tr><td>تحصیل</td><td></td><td colspan="2">امتحانی مرکز</td><td colspan="2"></td><td>تاریخ</td><td></td></tr>
<tr><td>رول نمبر</td><td>نام طالب علم</td><td>کتنے الفاظ پڑھے</td><td>غلطیاں</td><td>درست پڑھے گئے الفاظ</td><td>معیاری جدول کے مطابق نمبرات کی حد</td><td>حاصل کردہ نمبر</td><td>ٹوٹل نمبر</td></tr>
<tr><td>1</td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>2</td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>3</td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>4</td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>5</td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>6</td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td><td></td></tr>
</table>